روزنامہ جنگ راولپنڈی جمعرات 28 جولائی 2022ء

خواتین کیلئے 15 فیصد جنرل پارٹی ٹکٹ، 33 فیصد مخصوص نشستوں کا مطالبہ

سیاسی جماعتیں پارلیمنٹ کو خودمختار بنانے اور سیاست میں خواتین کے کردار پر توجہ دیں، مقررین

اسلام آباد (نامہ نگار) عورت فاؤنڈیشن نے جنرل نشستوں پر 15 فیصد پارٹی ٹکٹ اور 33 فیصد مخصوص نشستوں کا مطالبہ کیا ہے۔ اس حوالے سے سول سوسائٹی کی تنظیموں، خواتین سیاسی کارکنان، خواجہ سرا، پی ڈبلیو ڈیز، اکیڈمی اور دیگر شعبوں نے عورت فاؤنڈیشن کی وسیع البنیاد مشاورت میں شرکت کی۔ سینیٹر تاج حیدر، مہناز اکبر عزیز پارلیمانی سیکرٹری قانون و انصاف، چیئرمین نادرا طارق ملک، الیکشن کمیشن نمائندوں، پال گاڈ باؤٹ، کونسلر پولیٹیکل، کینیڈین ہائی کمیشن اور دیگر شریک تھے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نعیم مرزا اور عرفان مفتی نے کہا کہ یہ سیاسی جماعتوں پر منحصر ہے کہ وہ پارلیمنٹ کو خود مختار بنانے اور سیاست میں خواتین کے کردار پر توجہ دیں۔ انسانی حقوق کی کارکن طاہرہ عبداللہ نے خواتین‘ خواجہ سراؤں‘ کسان‘ مزدوروں اور مذہبی اقلیتوں کیلئے مخصوص نشستیں بڑھانے سمیت دیگر سفارشات پیش کیں۔ طارق ملک نے کہا کہ نادرا روزانہ سوا لاکھ شناختی کارڈ جاری کرتا ہے جن میں سے 56 فیصد خواتین کیلئے ہیں۔